صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ 20 دسمبر 2016ء بمطابق 20 ربیع الاؤل 1438 ہجری بعداز دوپہر دو بجکر پینتالیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطَانِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمَانِ الرَّحِیمِ۔

أَفَحَسِبۡتُمۡ أَنَّمَا خَلَقۡنَاكُمۡ عَبَثًا وَأَنَّكُمۡ إِلَیۡنَا لَا تُرۡجَعُونَ O فَتَعَالَى ٱللَّهُ ٱلۡمَلِكُ ٱلۡحَقُّ لَآ إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ ٱلۡعَرۡشِ ٱلۡكَرِيمِ O وَمَن يَدۡعُ مَعَ ٱللَّهِ إِلَٰهًا ءَاخَرَ لَا بُرۡهَانَ لَهُۥ بِهِۦ فَإِنَّمَا حِسَابُهُۥ عِندَ رَبِّهِۦٓ إِنَّهُۥ لَا يُفۡلِحُ ٱلۡكَافِرُونَ O وَقُل رَّبِّ ٱغۡفِرۡ وَٱرۡحَمۡ وَأَنتَ خَيۡرُ ٱلرَّاحِمِينَ۔

(ترجمہ): کیا تم یہ خیال کرتے ہو کہ ہم نے تم کو بے فائدہ پیدا کیا ہے اور یہ تم ہماری طرف لوٹ کر نہیں آؤ گے۔ تو خدا جو سچا بادشاہ ہے (اس کی شان) اس سے اونچی ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہی عرش بزرگ کا مالک ہے۔ اور جو شخص خدا کے ساتھ اور معبود کو پکارتا ہے جس کی اس کے پاس کچھ بھی سند نہیں تو اس کا حساب خدا ہی کے ہاں ہوگا۔ کچھ شک نہیں کہ کافر رستگاری نہیں پائیں گے۔ اور خدا سے دعا کرو کہ میرے پروردگار مجھے بخش دے اور (مجھ پر) رحم کر اور تو سب سے بہتر رحم کرنے والا ہے۔ وآخِرُالدَعۡوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ ٱلۡعَالَمِینَ۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: یہ چھٹی کی درخواستیں ہیں: جناب شہرام خان ترکئی؛اکبر ایوب خان؛شکیل احمد؛ڈاکٹر حیدر علی؛ فریڈرک عظیم؛میڈم یاسمین؛میڈم نجمہ شاہین؛منظور ہیں جی؟

(تحریک منظور کی گئی)

جناب سپیکر: آئٹم نمبر،آئٹم نمبر 6۔

جناب ضیاءاللہ آفریدی: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: (وزیر معدنیات سے) آپ آئٹم نمبر 6، میڈم!

جناب ضیاءاللہ آفریدی: پندرہ مہینے مجھ پر آپ لوگوں نے بہت ظلم کیا ہے، مجھے بولنے دیں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: ایک منٹ، میں آپ کو ضیاءاللہ! اس کے بعد میں موقع دیتا ہوں آپ کو، میں آپ کو موقع دیتا ہوں اس کے بعد۔

جناب ضیاءاللہ آفریدی: جناب سپیکر! مجھے بس پانچ منٹ دیئے جائیں۔

جناب سپیکر: میں آپ کو موقع دیتا ہوں، دیکھیں آپ، اس کے بعد آپ کو موقع دیتا ہوں، میں اس کے بعد آپ کو موقع دیتا ہوں۔ میڈم انیسہ! پلیز!-----

جناب ضیاءاللہ آفریدی: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: اس کے بعد آپ کو موقع دیتا ہوں جی، آپ تھوڑا Wait کر لیں، یہ ہو جائے اس کے بعد موقع دیتا ہوں آپ کو۔

مسودہ قانون کا زیر غور لایا جانا

(خیبر پختونخوا مائنز اینڈ منرلز ڈویلپمنٹ اینڈ ریگولیشن مجریہ 2016)

Ms. Anisa Zeb Tahirkheli (Minister for Mineral Development): Mr. Speaker! I beg to move that Khyber Pakhtunkhwa, Mines and Mineral Development-----

(Interruption)

جناب سپیکر: آپ بیٹھ جائیں جی، آپ بیٹھ جائیں۔

Minister for Mineral Development: Development and Regulation Bill, 2016 may be considered.

(Pandemonium)

جناب سپیکر: ورکوؤ ورله موقع، آپ بیٹھ جائیں جی۔ میڈم!-----

Minister for Mineral Development: May be considered.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Mines and Mineral Development and Regulation Bill, 2016 may be taken into consideration? Those who are in favour of it-----

Members: Yes.

(Pandemonium)

Mr. Speaker: ہاں اچھا۔ The motion before the House is that the amendment, moved by the honourable Minister, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The amendment is adopted and stands part of the Bill. Item No. -----

(Pandemonium)

Minister for Mineral Development: Mr. Speaker!

(Pandemonium)

جناب سپیکر: دیکھو سردار حسین صاحب! اس کو میں موقع دیتا ہوں۔ جی سردار حسین صاحب! آپ بات کرلیں۔

Minister for Mineral Development: Amendment in Clause 1: For sub-clause (1), the following shall be substituted namely:

"(1) This-----

جناب سردار حسین: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی جی۔

جناب سردار حسین: شکریه، جناب سپیکر صاحب۔

Minister for Mineral Development: "This Act may be called the Khyber Pakhtunkhwa Minerals Sector Governance Act, 2016".

جناب سردار حسین: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی سردار حسین صاحب! ایک۔۔۔۔۔

(مداخلت)

جناب سپیکر: یار! یہ آپ، یہ طریقہ نہیں ہوتا۔

ایک رکن: یہی طریقہ ہوتا ہے، کیوں نہیں ہوتا؟

جناب سپیکر: آپ بیٹھ جائیں، آپ بیٹھ جائیں۔

ایک رکن: کیا وہ اس ایوان کا ممبر نہیں ہے؟

جناب سپیکر: یہ کوئی طریقہ نہیں ہوتا، آپ کوئی مجھے Dictate نہیں کر سکتے اس طریقے سے۔

ایک رکن: سپیکر صاحب! وہ اس ایوان کا معزز ممبر ہے۔

جناب سپیکر: آپ بیٹھ جائیں، آپ کون ہوتے ہیں مجھے بتاتے ہیں، آپ بیٹھ جائیں ادھر، آپ بیٹھ جائیں، سردار حسین صاحب! آپ بات کرلیں جی، آپ بیٹھ جائیں، پلیز، آپ بیٹھ جائیں، یہ طریقہ نہیں ہے۔

جناب سردار حسین: خه خیر دے سپیکر صاحب! یو منٹ خبره کوؤ۔

جناب سپیکر: نلوٹھا صاحب! دیکھیں اس کو اتنا تو بتائیں کہ آپ بیٹھیں، کوئی طریقہ ہوتا ہے جی۔

جناب سردار حسین: زه یو منٹ خبره کوم۔

جناب سپیکر: جی سردار حسین!

جناب سردار حسین: شکریه سپیکر صاحب۔ زه ټولو ممبرانو ته به هم دا ریکویسټ کومه، ضیاء الله صاحب! یو منټ بیا به تاسو، زه بخښنه غواړم، دیکھیں یہ ہمارا، میرے خیال میں تمام میڈیا ہمیں دیکھ رہا ہے، اسمبلی میں ہمیں ایسا ماحول نہیں پیدا کرنا چاہیئے جس کی وجہ سے بدمزگی ہو۔ ہمارے صوبے کی ایک روایت ہے اور یہاں پہ سیاسی اختلافات اپنی جگہ لیکن اس اسمبلی میں جب ہم آتے ہیں تو میرے خیال میں اپنے صوبے کے مسائل جو ہمارے ہوتے ہیں یا ہمارے اپنے Constituency کے مسائل ہوتے ہیں، ان پہ ہمیں بات کرنی چاہیئے، حکومت کو ہمیں سننا چاہیئے، ہمیں بھی موقع دینا چاہیئے۔ سپیکر صاحب! آپ سے بھی ریکویسٹ ہوگی، آپ ہمارے اس اسمبلی کے کسٹوڈین ہیں، یہاں پہ ظاہر ہے بعض ممبران اگر جذبات کا مظاہرہ کرتے ہیں، ہم اس کیلئے بھی وہ کرتے ہیں۔ ضیاءاللہ

آفریدی صاحب اسی ہاؤس کے انتہائی محترم ممبر ہیں، چونکہ وہ ایک سال گرفتار رہا، گرفتاری کے بعد پہلی دفعہ وہ اسمبلی میں آئے ہیں تو میں اپنی طرف سے، تمام ہاؤس کی طرف سے اس کو خوش آمدید کہتا ہوں، ویلکم کرتا ہوں۔ (تالیاں) سپیکر صاحب! آپ سے بھی ریکویسٹ ہوگی کہ ضیاءاللہ آفریدی کے ساتھ جو ہوا، میرے خیال میں یہ مسئلہ کل خدانخواستہ پھر کسی بھی ممبر کے ساتھ ہو سکتا ہے۔ایک سال وہ گرفتار رہا، وہ اخبارات میں خبریں آئیں، ان پہ الزامات لگیں کرپشن کے حوالے سے بار بار، سپیکر صاحب! آپ کو بھی یاد ہوگا اسی اسمبلی فورم پہ میں نے کئی دفعہ ریکویسٹ بھی کی کہ وہ اگر جیل میں ہیں تو وہ اس اسمبلی کا ممبر ہے، لہذا اس کو اسمبلی میں آنے کی اجازت دینی چاہیئے تاکہ وہ آئیں اور قوم کے سامنے اپنا کیس رکھیں اور یہ ایک عجیب مسئلہ ضرور ہے کہ ایک سال تک، ایک سال تک، پورے ایک سال تک بلکہ میرے خیال میں کچھ عرصہ زیادہ ہمارے اسی ہاؤس کا ایک ممبر جو ہے وہ گرفتار رہا، اب سوچنا یہ چاہیئے کہ یہ جو احتساب کمیشن ہے، ہم تو یہ سنتے چلے آرہے تھے کہ وہ بالکل آزاد کمیشن ہے، اب عام آدمی کا کیا خیال ہوگا احتساب کمیشن کی موجودگی میں کہ اسی ہاؤس کا ایک ممبر اور پھر اسی حکومت کا ایک وزیر ایک سال تک گرفتار رہا، حکومتی پارٹی کے نمائندوں سے اور ان کے مشران سے تو ہم یہ سنتے چلے آرہے تھے کہ اسی حکومت کے احتساب، شفاف احتساب کا وہ عمل جو اس کا کریڈٹ لینا چاہ رہے تھے کہ ہم نے اپنے ایک وزیر کو پکڑا ہے، کرپشن کی بنیاد پر، میرے خیال میں آج احتساب کمیشن کو اور صوبائی حکومت کو اس قوم کو جواب دینا چاہیئے کہ ایک سال تک ایک وزیر، ایک ممبر اگر پابند سلاسل رہا ہے تو بتایا جائے کہ کونسے جرم میں اس کو گرفتار کیا گیا تھا، اس نے کونسا جرم کیا تھا، اس نے کتنی کرپشن کی تھی؟ دوسری بات یہ کہ یہ جو ایسی حکومت کا وزیر ہے، اس نے الزامات لگائے، حکومت پہ الزامات لگائے، وزیر اعلیٰ پہ اس نے الزامات لگائے، بعض وزیروں پہ انہوں نے الزامات لگائے، اگر احتساب کمیشن اتنا آزاد ہے تو سوال یہ ہے کہ اگر اس وزیر کا، اس ممبر کا جو حکومت کریڈٹ لینا چاہتی ہے، میرے خیال میں آج اس کو کریڈٹ نہیں لینا چاہیئے، اس ممبر کو موقع دینا چاہیئے۔ سپیکر صاحب! میں ریکویسٹ کرتا ہوں کہ اسی ممبر کو اس کا پریویلج ہے، اس کا حق ہے، اس کو پورا پورا حق دیا جائے کہ یہ جو صورتحال اس پہ گزری ہے، کل ہم پہ بھی یہ بات آسکتی ہے، یہ تو انتہائی ظلم کی بات ہے،

حکومت میں یہ آئے ہیں، شفاف اور ٹرانسپیرنٹ احتساب کے عمل کا وہ کریڈٹ لینا چاہ رہے ہیں، یہی وہ کہہ رہا ہے، ہم یہی چلا رہے تھے تین سال سے کہ نہیں یہ احتساب کمیشن-----

جناب سپیکر: میں بالکل سردار حسین صاحب! موقع دیتا ہوں صرف اتنا ہے کہ میں یہ ایجنڈا ختم کر کے اس کو موقع دے دوں گا۔

جناب سردار حسین: نہیں، مجھے ایک منٹ، مجھے ایک منٹ دے دیں، آپ مجھے ایک منٹ-----

جناب سپیکر: جی۔

جناب سردار حسین: یہ تو کل ہمارے ساتھ اسی حوالے سے بھی یہ بات ہو سکتی ہے کہ ہم یہ چلا رہے تھے کہ یہ احتساب کمیشن اپنے مخالفین کو دبانے کیلئے ہے، سرکاری افسران کی تذلیل کرنے کیلئے ہے، اپنے مخالفین کی پگڑیاں اچھالنے کیلئے ہے، میرے خیال میں ہمارے اس مؤقف کی دلیل میں آج ضیاءاللہ آفریدی صاحب اسی ہاؤس میں آئے ہیں، اس کو موقع ملنا چاہیئے تاکہ وہ بولیں اور ان کی رہائی، عدالت کا ہم شکریہ ادا کرتے ہیں کہ اسی ملک کی عدالتیں اتنی آزاد ہیں کہ اگر حکومت یا حکومت کا کوئی ادارہ کسی سیاسی مخالف کے ساتھ، کسی عوامی نمائندے کے ساتھ اتنی زیادتی کرے، اتنی ذاتیات کرے، میرے خیال میں ان کی رہائی، اور وہ جو احتساب کمیشن کے دلیل بنے ہوئے تھے، دلائل دے رہے تھے، ان کے وکیل بنے ہوئے تھے، آج میرے خیال میں ان کی رہائی ان سب لوگوں کے منہ پہ طمانچہ ہے کہ آج آ کے وہ ضیاءاللہ آفریدی اسی ہاؤس کا ممبر ہے اور آج وہ یہاں پہ بیٹھا ہے۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: اس امنڈمنٹ کے بعد جو ہو جائے گا، اس کے بعد موقع دیتا ہوں۔ میڈم! آپ جاری رکھیں، اس کے بعد میں آپ کو موقع دیتا ہوں جی۔ آپ جی، میڈم!

Minister for Mineral Development: Mr. Speaker, I beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa-----

(Interruption)

جناب سپیکر: اس کے بعد موقع دیتا ہوں اس کو۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the amendment, moved by the honourable Member-----

Minister for Mineral Development: Sir, Mr. Speaker, I beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Mines and Mineral Development and Regulation Bill, 2016 may be considered.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the amendment, moved by the honourable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The amendment is adopted.

(Interruption)

جناب سپیکر: اس کے بعد میں آپ کو موقع دیتا ہوں، یہ ختم ہو جائے اس کے بعد میں موقع دیتا ہوں آپ کو۔

Minister for Mineral Development: Amendment: I beg to move that in Clause 1, for sub-clause (1), the following shall be substituted, namely:

"(1) This Act may be called the Khyber Pakhtunkhwa Minerals Sector Governance Act, 2016".

Mr. Speaker: The motion before the House is that the amendment, moved by the honourable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The amendment is adopted. Amendment in Clause 2 of the Bill.

Minister for Mineral Development: Mr. Speaker Sir, in Clause 2:-

(i) the existing sub-clause (a) shall be renumbered as (aa) and before sub-clause (aa), as so renumbered, the following new clause shall be added, namely:

"(a) "Appellate Authority" means the Secretary to Government, Minerals Development Department, to hear appeals against the orders of Mineral Title Committee in relation to Small Scale Mining and Minor Minerals;"

(ii) After sub-clause (b), the following new sub-clause shall be added namely:

"(ba) "Department" means the Mineral Development of Government";

(iii) in sub-clause (j), for the words "Schedule-1" the words "Schedule-IV" shall be substituted;

(iv) in sub-clause (l), for the word “license”, wherever occurring, the word “license” with “s” shall be substituted;

(v) in sub-clause (o), for the word “its”, the word “their” shall be substituted;

(vi) in sub-clause (q), in serial number (ii), for the words “Director Licensing”, the words “Director General Mines and Minerals” shall be substituted;

(vii) After sub-clause (t), the following new clause shall be inserted, namely;

“(t-a) “ mineral title” means a title for concession granted through a license and or lease under either of the large scale mining, small scale mining or minor minerals, as provided for in Part-II of the Bill;”

Mr. Speaker: The motion before the House is that the amendment, moved by the honourable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say ‘Yes’.

Members: Yes.

Mr. Speaker: And those who are against it may say ‘No’-----

جناب محمد علی: جناب سپیکر صاحب! دوئ څه وئیل غواړی، تاسو لږ اوګورئ جی، دلته کښې مونږ سره دا څیز خو نشته دے، دا تاسو لږ اوګورئ۔

جناب سپیکر: جی، میڈم! جی، میڈم!

وزیر برائے ترقی معدنیات: سر! دیکښې داسې خبره ده چې چرته کوم ځائې کښې یو Word “Licence”، دلته Typing mistake دے، اصل کښې لائسنس ‘c’ سره لیکلے شوے دے او مونږ ‘s’ سره غواړو۔

Mr. Speaker: Okay, okay; yes, yes.

وزیر برائے ترقی معدنیات: بس دا Correction دے۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the amendment, moved by the honourable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. The amendment is adopted. Amendment in sub-clasue (2) of Clause 3.

Minister for Mineral Development: In Clause 3, in sub-clause (2):-

(i) In serial number (v), the full stop shall be replaced by a

semi-colon;

(ii) For serial number (vi), the following shall be substituted, namely:

"(vi) Secretary to Government, Finance Department or his nominee not below the rank of an Additional Secretary	Member"

(iii) After serial number (vi), so as amended, the following new serials shall be inserted namely:

"(vi-a) Secretary to Government, Environment, Forestry and Wildlife Department or his nominee not below the rank of an Additional Secretary;	Member
(vi-b) Secretary to Government, Law, Parliamentary Affairs and Human Rights Department or his nominee not below the rank of an Additional Secretary;	Member"

Mr. Speaker: The motion before the House is that the amendment, moved by the honourable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The amendment is adopted and stands part of the Bill. Amendment in sub-clause (1) of Clause 4 of the Bill.

Minister for Mineral Development: In Clause 4, in sub-clause (1).-

(i) for serial No. (e), the following shall be substituted, namely:
"(e) hear appeals against the decision of the Mineral Title Committee in relation to Large Scale Mining";

(ii) In serial number (f), for the word "prescribe", the word "recommend" shall be substituted.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the amendment, moved by the honourable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The amendment is adopted and stands part of the Bill. Amendment in Clause 5 of the Bill.

Minister for Mineral Development: In Clause 5.-

(i) in sub-clause (1), for the word "he", the word "the Chairperson" shall be substituted;

(ii) in sub-clause (2), for the words “that is to say”, the word “including” shall be substituted;
(iii) in sub-clause (5), the word “it” in the end shall be replaced by the words “the Authority”;
(iv) in sub-clause (7), the word “the” shall be inserted before the word “Authority” in the end of line.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the amendment, moved by the honourable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. The amendment is adopted and stands part of the Bill. Amendment in sub-clause (2) of Clause 6.

Minister for Mineral Development: In Clause 6 for sub-clause (2), the following shall be substituted, namely:

“(2) The Committee shall consist of,

(i)	Director General, Mines and Minerals;	Chairperson

Mr. Ziaullah Afridi: Mr. Speaker!

جناب سپیکر: دیکھیں رولز کا ایک طریقہ ہوتا ہے، میں نے آپ کے ساتھ Commit کیا ہے کہ جب یہ ختم ہو جائے گا تو میں اس کو موقع دوں گا، بات کرنی ہے نا تو میں تو موقع دیتا ہوں اس کو، کوئی ایشو تو نہیں ہے۔

Minister for Mineral Development: Mr. Speaker Sir!

(ii)	Deputy Secretary to Government, Law, Parliamentary Affairs and Human Rights Department;	Member
(iii)	Deputy Secretary to Government, Forestry, Environment and Wildlife Department;	Member
(iv)	Senior Inspector Mines and Minerals Department, Government of Khyber Pakhtunkhwa to be nominated by the Department;	Member
(v)	Deputy Commissioner, Mines and Minerals Department; and	Member
(vi)	Director Licensing, Mines and Minerals Department to be nominated	Member-cum-Secretary”

by the Department.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the amendment, moved by the honourable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The amendment is adopted and stands part of the Bill. Amendment in Clause 7 of the Bill.

Minister for Mineral Development: In Clause 7.-

(i) in sub-clause (1), for Clause (a), the following shall be substituted, namely:

"grant, convert, assign, amend, surrender, cancel the mineral titles and renew mining leases for the purpose of clause (d) of sub-section (1) of section 9 and for clause (b) of sub-section (2) of section 9",

Mr. Ziaullah Afridi: Mr. Speaker!

جناب سپیکر: پلیز، زه ټائم درکوم، د ټائم سره ستا مقصد دے، گوره ټائم درکوم درله زه، لږ دا پاس کوؤ۔

Minister for Mineral Development: Mr Speaker Sir!

(ii) In sub-clause (5), for the words "Director General", the words "office of Director General" shall be substituted;

Mr. Ziaullah Afridi: Mr. Speaker! Point of order.

جناب سپیکر: پوائنټ آف آرډر، دا ایجنډا ختم شی، د دې نه پس تا له موقع درکومه، دا ختم کړو۔۔۔۔۔

جناب ضیاءاللہ آفریدی: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: دیکھیں جی میں ایک گھنٹہ، میں آپ کو موقع دیتا ہوں، یہ ختم ہو جائے، میں آپ کو موقع دیتا ہوں۔

(شور اور قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: میں اس کو، نہیں نلوٹھا صاحب! آپ کیوں۔۔۔۔۔

(شور اور قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: نلوٹھا صاحب! رولز سے آپ پورے واقف ہیں، رولز سے آپ پورے واقف ہیں، اس طرح تو نہ کریں جی۔

(اس مرحلہ پر حزب اختلاف کے اراکین جناب سپیکر کے سامنے کھڑے ہو کر جناب ضیاءاللہ آفریدی کو موقع دینے کیلئے اصرار کر رہے ہیں)

(شوراور قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: نو ټائم د رکوم د رله کنه، تا ته تکلیف څه دے ؟

(شوراور قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: پانچ منٹ، Only پانچ منٹ، پانچ منٹ۔ یو منټ، پانچ منٹ۔

(شوراور قطع کلامیاں)

وزیر برائے ترقی معدنیات: آپ کو کیا جلدی ہے؟

(شوراور قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: ګوره زه یو خبره کومه، یو منټ، یو منټ، پانچ منٹ۔ سکندر خان څه شو، سکندر خان ؟

(شوراور قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: ورکومه، لکه نیمه ګهنټه د تقریر اوکړی، آدھا گھنٹہ تقریر کرلے۔

(شوراور قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: پانچ منٹ، چلو میں پانچ منٹ اس کو دیتا ہوں، آپ پانچ منٹ میں اپنا۔۔۔۔

(شوراور قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: دیکھیں آپ مجھے بات کرنے دیں، ایک منٹ، ایک منٹ، جس شق پہ آپ کو اعتراض ہو گا، آپ اٹھیں کہ میں اس پر بات کرنا چاہتا ہوں، میں آپ کو اس شق پہ بات کرنے دوں گا۔۔۔۔

(شوراور قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: نہیں، جس شق پہ آپ کو اعتراض ہے۔

(قطع کلامیاں)

سردار اورنگزیب نلوٹھا: پہلے اس کو سنیں سر! پہلے ضیاءاللہ صاحب کو سنیں۔

جناب سپیکر: پانچ منٹ میں آپ کو دیتا ہوں۔

جناب محمد شیراز: پانچ منٹ تو تھوڑے ہیں۔

جناب سپیکر: نہیں پانچ منٹ، دیکھیں ہم نے وہ چلانا ہے، پانچ منٹ میں آپ بات کر لیں، میں تھوڑا پانچ منٹ اس کو موقع دیتا ہوں تاکہ یہ اپنا نقطہ نظر دے دیں۔ ضیاءاللہ خان، ضیاءاللہ آفریدی۔

رسمی کارروائی

جناب ضیاءاللہ آفریدی: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ میں سب سے پہلے اللہ پاک کا شکر گزار ہوں کہ آج باعزت طریقے سے اسمبلی کے فلور پہ اپنا کیس معزز ایوان کو اور پورے پاکستان کو پیش کروں۔ میرے جتنے بھی یہاں پہ Colleagues, specially treasury bench والے، وہ تحمل سے سنیں، اگر کسی کو اعتراض ہو تو ہر فورم پہ اور ہر جگہ میں بیٹھنے کیلئے تیار ہوں اور مجھے امید ہے کہ آپ لوگ خصوصاً سپیکر صاحب! آپ بھی سنیں گے تحمل کے ساتھ، جناب سپیکر صاحب! آپ کا کردار ایک نیوٹرل کردار ہونا چاہیئے کیونکہ آپ پوری اسمبلی کے ممبران کے مشترکہ طور پر اور ایک باپ کی جگہ کردار ہے لیکن افسوس کی بات ہے اور مجھے خان صاحب سے بھی گلہ ہے اور میں اس فورم پہ خان صاحب کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ آپ تو پورے پاکستان میں کہتے ہیں کہ میرے صوبے میں کوئی سیاسی قیدی نہیں ہے لیکن ضیاء اللہ آفریدی سیاسی اسیر تھا اور اس کی سب سے بڑی دلیل جناب سپیکر! آپ ہیں کہ آپ کی خدمت میں میں نے جیل سے ہر اجلاس کیلئے Application بھیجی اور آپ نے اس پہ خاموشی باندھ لی تو سپیکر صاحب! خان صاحب تو کہتے ہیں لیکن مجھے سیاسی اسیر بنایا گیا۔ شیخ رشید مجھ سے بڑے بہت خطرناک کیس میں اسیر تھے لیکن اس کو قومی اسمبلی میں بلایا، جمہوری روایت کو دیکھ کر اس کو بلا لیتے ہیں، خالد لانگو بہت بڑے سکینڈل میں ملوث بلوچستان اسمبلی کے، وہ بلوچستان اسمبلی آتے ہیں، کراچی کے، نام میں بھول گیا ہوں لیکن وہ ابھی بھی ہیں، وہ اسمبلی آتے ہیں، ضیاءاللہ آفریدی سپیکر صاحب کو ایک Application بھیجتے ہیں اور وہ اس کو ردی کی ٹوکری میں ڈالتے ہیں، تو میں پندرہ مہینے سیاسی اسیر تھا اور یہ اس بات کی دلیل ہے کہ آپ نے ساری Applications ردی کی ٹوکری میں ڈال دی ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ میں اپنے پندرہ مہینے کا جو ظلم صوبائی حکومت نے میرے ساتھ کیا اور جو جھوٹے کیسوں میں پھنسایا گیا تو ان شاءاللہ تعالیٰ میں

اور میری لیگل ٹیم، آج جو میں بول رہا ہوں، اسی کے دلیل پہ کورٹ میں ان شاءاللہ تعالی بات کریں گے۔ میں احتساب کا مخالف نہیں ہوں، میں اسی کابینہ کا ممبر تھا جس نے اس بل کو پاس کیا تھا، میں اسی پارٹی کا کارکن ہوں جس کے منشور میں احتساب ہے لیکن افسوس کی بات Victimization والے احتساب کا نہیں جو لوگوں کو Victimized کرے، سول سرونٹس کو ذلیل کرے، پروفیسرز صاحبان کو بے عزت کرے، سیاسی اکابرین کو بلیک میل کرے، اس احتساب کا میں حامی نہیں ہوں اور اس کا یہ زندہ دلیل، مشتاق غنی صاحب کل کہہ رہے تھے کہ وہ اس وقت بولتے، ہمیں وہ پتہ نہیں تھا کہ اندر یہ کیا کچڑی پک رہی ہے کہ کس کس کو نامزد کیا جارہا ہے اور کون رات کے اندھیرے میں آتے ہیں اور سی ایم ہاؤس میں پرویز خٹک سے ڈکٹیشن لیتے ہیں اور پھر جھوٹ موٹ کے کیسز بناتے ہیں، (تصاویر دکھاتے ہوئے) اس کا زندہ ثبوت یہ تصویریں ہیں جو اللہ پاک نے مجھے کسی غیبی مدد سے بھیج دیں۔ یہ محترم کرنل سیف اللہ صاحب جس نے مجھے اپنے گھر سے اغوا کیا اور یہ کرنل سیف اللہ میں اسمبلی کے معزز اراکین سے یہ ریکوسٹ کرتا ہوں کہ جتنی بھی اپوائنٹمنٹس ہوئی ہیں احتساب کمیشن میں، اسی اسمبلی نے اس ایکٹ کو منظور کیا تھا اور وہی احتساب کمیشن اس اسمبلی کو جوابدہ ہے، وہ منگوائیں کہ کس کس Criteria پہ کس کس کو بھرتی کیا گیا تھا، سیف اللہ صاحب سی ایم ہاؤس میں بیٹھے ہیں، چیف منسٹر صاحب کے دو سپیشل برانچ کے آفیسرز ان کے پیچھے کھڑے ہیں، ساتھ ان کا فرزند اسحاق عرف * +لالا جو کہ پچھلی گورنمنٹ میں ایس ایم ایس تھا، ہماری گورنمنٹ میں * +لالا ہے، ساتھ ان کے محترم۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میں یہ لفظ جو ہے اس کو حذف کرتا ہوں۔

جناب ضیاءاللہ آفریدی: ساتھ ان کے محترم بھائی ڈسٹرکٹ ناظم لیاقت خٹک دوسری تصویر میں * +ملزم میاں جمشید، تو کیا یہ آزاد کمیشن ہے؟۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ میں حذف کرتا ہوں * +ملزم کا لفظ، یہ مناسب رویہ نہیں ہے، آپ جو بھی بات کریں جو پارلیمانی روایت ہے، اس کے مطابق بات کریں، پلیز۔

جناب ضیاءاللہ آفریدی: میں اپنا موقف پیش کروں گا سپیکر صاحب! آپ۔۔۔۔

جناب سپیکر: اپنا موقف ٹھیک ہے لیکن دوسروں کی Insult نہ کریں، پلیز۔

جناب ضیاءاللہ آفریدی: آپ کو میں نے پہلے کہا ہے کہ تحمل سے سنیں۔
جناب سپیکر: نہیں، میں تحمل سے سن رہا ہوں لیکن آپ جو پارلیمانی روایت ہے، اس کو بھی آپ مد نظر رکھیں، پلیز۔
جناب ضیاءاللہ آفریدی: میں نے کسی کو گالی نہیں دی، پندرہ مہینے آپ لوگوں نے ظلم کیا، میرا ایک منٹ برداشت کر لیں آپ بھی، تو کیا یہ احتساب کمیشن آزاد ہے کہ ہم جلسے میں نعرے لگادیں کہ آزاد کمیشن، آزاد کمیشن اور ان کے آفیسرز رات کے اندھیرے میں آتے ہیں، ڈکٹیشن لیتے ہیں اور کیسز بناتے ہیں؟ ایسے کمیشن کیلئے میں نے کبھی ووٹ نہیں دیا اور نہ ہی ایسے کمیشن کیلئے میں کبھی ووٹ دوں گا، ہم سب نے احتساب کیلئے ہر وقت حاضر ہونا ہے، میں معزز اراکین اسمبلی کو یہ بھی بتانا چاہتا ہوں اور اس معزز اسمبلی کی ذمہ داری بھی یہی ہے کہ اس کرنل سیف اللہ کی Annual Confidential Report ڈی جی صاحب نے Sign کی ہے، وہ احتساب کمیشن میں پڑی ہو گی کہ اس کے متعلق محترم ڈی جی صاحب کے کیا ریمارکس ہیں، ان کی Integrity پہ، ان کی Personality پہ، ان کی انوسٹی گیشن پہ؟ میں ان معزز اراکین سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ ان کی وہ Annual Confidential Report بھی اس اسمبلی میں پیش کی جائے تاکہ اس کے کردار کا پتہ لگ جائے کہ واقعی یہ آزاد کمیشن کا (تالیاں) ڈائریکٹر تھا کہ

---

* بحکم جناب سپیکر حذف کیا گیا۔

نہیں؟ اور سب سے اجنبی بات، اور مجھے معزز سپیکر صاحب کے اس پہ بھی افسوس آتا ہے کہ وہ اس لیجسلیٹیو کمیٹی کے چیئرمین تھے جس لیجسلیٹیو کمیٹی نے احتساب کے سارے پراسیس کو اس معزز اسمبلی سے گزارا ہے اور اس Good governance کی پاکستان تحریک انصاف اور اس کے Allies کی، پاکستان تحریک انصاف اور اس کے Allies کی Good governance کی ایک مثال ہے کہ احتساب ایکٹ میں جو پروسیجر ہے DG اور PG کے منتخب کرنے کیلئے، بہت افسوس کی بات ہے سپیکر صاحب! کہ آپ نے وہ پروسیجر اس اسمبلی اور اس لیجسلیٹیو کمیٹی اور اس اسمبلی سے نہیں گزارا جس کے ثبوت آپ کی اسمبلی کے اپنے

اس لیٹر پیڈ پہ ہیں کہ جو Right to Information کے ذریعے مانگے گئے ہیں اور اس میں صاف صاف لکھا ہے کہ "Moreover the record for the nomination of DG Ehtesab and Prosecutor General is not sent to the Legislative Committee"، جب یہ لیجسلیٹیو کمیٹی سے پراسیس نہیں ہوا ہے تو کمیشن کس طرح بنا ہے؟ تو میرا یہ کیس کورٹ میں بھی ہے اور شرم کی بات ہے کہ ایک غیر الیکٹڈ ڈی جی، ڈی جی اور پی جی، وہ لوگوں کو پکڑ رہے ہیں اور لوگوں کو بے عزت کر رہے ہیں تو ان شاءاللہ و تعالیٰ کورٹ جلد اس پہ فیصلہ بھی کرے گی، صرف میں اسلئے بتانا چاہتا ہوں سپیکر صاحب! کہ آپ اس ذمہ دار کمیشن، لیجسلیٹیو کمیٹی کے چیئرمین تھے اور آپ کے ساتھ اور ممبران صاحبان بھی تھے اور یہ Procedure incomplete ہو گیا اور ہماری Good governance کی سب سے بڑی مثال یہ ہے۔ (تالیاں) دوسری بات سپیکر صاحب! احتساب، کل مشتاق غنی صاحب فرما رہے تھے، میرے بڑے اچھے دوست تھے کہ بھئی خان صاحب کسی کو بھی برداشت نہیں کرتا، میں بالکل خان صاحب کو مانتا ہوں، وہ کبھی بھی کوئی بھی غلط کام کرے، وہ برداشت نہیں کرتے لیکن خان صاحب کو کوئی حقیقت بتائے، خان صاحب کو تو سارا جھوٹ بولا جا رہا ہے۔ اس کی یہ کتاب (کتاب دکھاتے ہوئے)، یہ آزاد احتساب So called آزاد احتساب کمیشن کی کتاب ہے اور یہ عدالت میں ہے اور جس کے نیچے میں گرفتار ہوا ہوں، اس کے نیچے محترم میاں جمشید صاحب 164 آئی آرز اس کے Against ہیں (تالیاں) اور احتساب کمیشن خاموش، یہ بالکل اس میں لگی ہوئی ہیں، احتساب کمیشن کی کتاب ہے، ریفرنس جس کو کہتے ہیں، تو کیا خان صاحب کو یہ پتہ نہیں ہے مشتاق غنی صاحب!۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ پلیز ادھر ایڈریس کریں، آپ ڈائریکٹ۔۔۔۔

جناب ضیاءاللہ آفریدی: میں اس کی پریس کانفرنس کی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں نہیں، آپ چیئر کو ایڈریس کریں۔

جناب ضیاءاللہ آفریدی: سپیکر صاحب! تو خان صاحب کو یہ علم نہیں ہے کہ بھئی * + Accused کیبنٹ میں ابھی تک کیوں بیٹھا ہے، کیا یہ احتساب کمیشن صرف ضیاءاللہ آفریدی کیلئے تھا؟ ہمارے چیف منسٹر صاحب تو پچھلی گورنمنٹ پہ دعوے کرتے ہیں کہ لوٹ مار اور یہ، کس منسٹر کو پکڑا اس نے، کس کی انکوائری

کی ہے، کونساڈاکو پکڑا ہے، پروفیسران کو پکڑا ہے، سول سرونٹس کو بے عزت کیا ہے، یہ آزاد کمیشن ہے اور
Accused + * بیٹھا ہے اس اسمبلی میں اور کیبنٹ میں، اس سے کوئی پوچھنے والا نہیں۔

جناب سپیکر: آپ پلیز پارلیمانی روایات کا خیال رکھیں، آپ پارلیمانی روایات کا خیال رکھیں۔

جناب ضیاءاللہ آفریدی: نہیں جی، میں اس کتاب کی بات کر رہا ہوں۔

(شیم شیم کی آوازیں اور شور)

جناب ضیاءاللہ آفریدی: یہ ریفرنس ہے، یہ ریفرنس ہے جی، یہ کسی کا وہ نہیں ہے۔

جناب سپیکر: آپ پارلیمانی روایات کا خیال رکھیں۔

جناب جمشید الدین (وزیر آبکاری و محاصل): جناب سپیکر!

جناب سپیکر: میاں صاحب! آپ بیٹھ جائیں، میں آپ کو موقع دے دوں گا۔

جناب ضیاءاللہ آفریدی: یہ جی عدالت میں ہے اور میں چیلنج کرتا ہوں کہ لائیو کوئی بھی اس کو دیکھے، کوئی بھی اس کو دیکھے۔

وزیر آبکاری و محاصل: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: میاں صاحب! میاں صاحب!

جناب ضیاءاللہ آفریدی: مجھے سنیں، میاں صاحب! مجھے سنیں، اس کے بعد پھر بولیں۔

جناب سپیکر: ایک منٹ، میاں صاحب! آپ کو میں پوری وضاحت کا موقع دوں گا، آپ اپنی بات کو پلیز وائنڈاپ کریں، پانچ منٹ آپ نے Commit کیا تھا، آپ وائنڈاپ کریں، پلیز، آپ وائنڈاپ کر لیں۔ میاں صاحب! میں اس کے بعد آپ کو موقع دوں گا، اس کے بعد موقع دیتا ہوں میاں صاحب۔

---

* بحکم جناب سپیکر حذف کیا گیا۔

(سیکرٹری اسمبلی سے) سیکرٹری صاحب! انہوں جو کہا ہے، وہ حذف کریں۔

جناب ضیاءاللہ آفریدی: ایک منٹ، دوسرا سپیکر صاحب! لوگوں کو، افسروں کو مجبور کیا جارہا ہے کہ بھئی ضیاء اللہ آفریدی پہ گواہی دو، یہ اس کی زندہ مثال ہے کہ میں جیل میں تھا اور افسر نے عدالت میں سٹامپ پیپر دیا ہے کہ مجھے مجبور کیا، لکھا ہے کلیئر کٹ، زبردستی احتساب کمیشن نے مجھے کہا ہے کہ ضیاء اللہ کے اوپر گواہی۔۔۔۔۔

(شیم شیم کی آوازیں)

جناب ضیاءاللہ آفریدی: یہ آزاد کمیشن ہے، کیا عمران خان کے منشور میں اس طرح کا کمیشن تھا؟ عمران خان اس کیلئے Campaign کر رہا تھا بیس سال کہ اس طرح کمیشن لائیں گے کہ لوگوں کو زبردستی گواہ، یہ لکھا ہے اور یہ بھی عدالت میں پڑا ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ پلیز وائنڈاپ کریں، پلیز وائنڈاپ کریں۔۔۔۔۔

(شور)

جناب ضیاءاللہ آفریدی: سپیکر صاحب! دوسری، آزاد کمیشن کی تیسری، آزاد کمیشن کی تیسری، ایک قاتل، ایک Murderer، ایک ڈکیت اور ایک گھیراؤ جلاؤ والی پانچ ایف آئی آرز اس میں ہیں، مسٹر نواب خان جس نے میری۔۔۔۔۔

(اوہ اوہ کی آوازیں)

جناب ضیاءاللہ آفریدی: جس نے میری انوسٹی گیشن کی ہے، اس صاحب نے میری انوسٹی گیشن کی کہ احتساب کمیشن میں قاتل ڈاکو رکھوگے، عمران خان کا یہ کمیشن تھا یا خان صاحب نے آپ کو اسلئے ادھر بٹھایا تھا کہ اس طرح کمیشن کو بنائیں۔۔۔۔۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: جی، ضیاءاللہ صاحب! میرا خیال ہے کہ آپ کے پانچ منٹ ہوگئے جو میں نے آپ کو Permit کیا تھا، میں میاں جمشید، میاں جمشید۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: شاہ فرمان صاحب! شاہ فرمان، شاہ فرمان، شاہ فرمان۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: آپ پلیز بات کریں۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: آپ بیٹھ جائیں، ضیاءاللہ صاحب! بیٹھ جائیں۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: شاہ فرمان! آپ بات کریں۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: ضیاءاللہ صاحب! آپ بس ختم کریں، پلیز، آپ ختم کریں۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: آپ بیٹھ جائیں سب، اس طرح تو نہیں ہوتا، آپ بیٹھ جائیں، آپ نے پانچ منٹ مانگے تھے، آپ کو پانچ منٹ میں نے دیئے، ابھی ایک منٹ میں جلدی جلدی ختم کریں، پلیز۔ 'کوئیک' ۔

جناب ضیاءاللہ آفریدی: مائیک آن کریں سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی جی۔

جناب ضیاءاللہ آفریدی: اس قاتل نے جس قاتل نے میری انوسٹی گیشن کی جو کہ عمران خان نے کبھی ایسے لوگوں کو احتساب کمیشن میں رکھنے کا نہیں کہا تھا، اس کا یہ Payroll (Payroll دکھاتے ہوئے) اے جی پی آر جو کہ پورے ملک میں کمپیوٹرائزڈ ہے، اس کے ریکارڈ پہ میرے جوڈیشل ریمانڈ کے بعد اس کو اپوائنٹ کیا گیا ہے، مطلب یہ ہے کہ اس قاتل نے بھرتی سے پہلے مجھے انوسٹی گیٹ کیا ہے، کیا یہ انصاف ہے اور یہ احتساب ہے؟

(شیم شیم کی آوازیں)

جناب سپیکر: شکریہ۔ شاہ فرمان صاحب! شاہ فرمان صاحب۔

جناب ضیاءاللہ آفریدی: ایک منٹ۔

جناب سپیکر: آپ دیکھیں جی، ہم نے ایجنڈا پورا کرنا ہے، آپ کو میں نے موقع دیا ہے۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: جی، ضیاءاللہ خان!

جناب ضیاءاللہ آفریدی: اب یہ دوسرا کیس جی، (کاغذات دکھاتے ہوئے) مشہور اور معروف تنگی کیس، یہ میں نہیں لکھ رہا ہوں، یہ ڈی جی احتساب کمیشن لکھ رہا ہے، جنرل حامد لکھ رہا ہے-----

(اوئے ہوئے کا شور)

جناب ضیاءاللہ آفریدی: ان کے دستخط شدہ ہیں جی، ان کا وہ پورا اسٹاف آزاد کمیشن تھا، So called آزاد کمیشن تھا، یہ لکھ رہا جی ہے، ماشاءاللہ وکلاء بھی بیٹھے ہوں گے، Date of commencement of offense 19-05-2008 اب 19-05-2008 میں میں منسٹر تھا؟ میں ایم پی اے تھا، میں کسی سیاسی پارٹی میں تھا؟ میں نہیں تھا، محترم!-----

جناب سپیکر: ضیاءاللہ صاحب! میں ایک Opinion لینا چاہتا ہوں کہ یہ کیس Basically عدالت میں ہے، جب یہ Sub judice ہے تو اس پہ آپ یہاں-----

جناب ضیاءاللہ آفریدی: میں عدالت میں کروں گا جی-----

جناب سپیکر: یہ عدالت میں ہے، یہ Sub judice ہے۔

جناب ضیاءاللہ آفریدی: لیکن میں نے قوم کو بھی بتانا ہے، میں نے قوم کو بھی بتانا ہے-----

(شور)

جناب ضیاءاللہ آفریدی: لیکن دو باتیں سپیکر صاحب!-----

(شور)

جناب ضیاءاللہ آفریدی: سپیکر صاحب! 2008 میں محترم پرویز خٹک تھے، میں نہیں تھا اور یہ اس کا لیٹر ہے جی۔ (لیٹر دکھاتے ہوئے)

(اوہ اوہ کا شور)

جناب ضیاءاللہ آفریدی: اب ملزم میں ضیاءاللہ آفریدی تھا کہ پرویز خٹک؟

جناب سپیکر: دیکھیں-----

جناب ضیاءاللہ آفریدی: یہ وہ آزاد کمیشن ہے جس نے انوسٹی گیشن کی ہے، عمران خان نے کبھی ایسا کمیشن بنانے کا نہیں کہا تھا۔ میں معزز اراکین سے درخواست کرتا ہوں کہ سب سے پہلے کیونکہ اس معزز اراکین نے، اس معزز ایوان نے احتساب بل کو پاس کیا تھا، اب جتنی بھی اپوائنٹمنٹس ہوئی ہیں اس احتساب کمیشن میں، پورے ایوان کے سامنے پیش ہونی چاہئیں اور آئندہ جو ڈی جی صاحب ہیں موجودہ، موجودہ ڈی جی جس طرح یہ تصویریں آگئیں (تصویریں دکھاتے ہوئے) اور بہت سی تصویریں اور ثبوت ان شاءاللہ آنے والے ہیں تو موجودہ ڈی جی جن لوگوں سے ملتا ہے اور جن کے پاس ملنے جاتا ہے، وہ بھی ان شاءاللہ بہت جلد اس فلور پہ انکشافات ہو جائیں گے۔

جناب سپیکر: شکریہ، شکریہ۔

جناب ضیاءاللہ آفریدی: ایک منٹ، ایک منٹ، سپیکر صاحب!

(شور)

جناب سپیکر: شکریہ۔ میڈم!۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: آپ کی بات ہو گئی ہے، پلیز، ابھی آپ کی بات ہو گئی ہے، شاہ فرمان صاحب!

(شور)

جناب سپیکر: جی شاہ فرمان!

(شور)

جناب سپیکر: آپ بیٹھ جائیں سب، پلیز۔

(شور)

جناب شاہ فرمان (وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ): اخری خبره د اوکړی، اخری خبره د اوکړی۔

جناب سپیکر: اوکے، اوکے، آپ جلدی وائنڈ اپ کرلیں، میں پھر۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: آپ بیٹھ جائیں جی، پلیز نلوٹھا صاحب!

جناب ضیاءاللہ آفریدی: بہت سے معزز اراکین کو پتہ بھی نہیں ہوگا کہ سکروٹنی کمیٹی کے چیئرمین صاحب ہیں اعجاز قریشی، وہ دباؤ کی وجہ سے Resign کر چکے ہیں۔۔۔۔۔

(اوہ اوہ کی آوازیں)

جناب ضیاءاللہ آفریدی: کیونکہ کیونکہ اپنا ڈی جی لانے کی کوشش ہو رہی ہے، تو مسٹر سپیکر صاحب! خان صاحب نے کبھی بھی ایسے احتساب کمیشن کی حمایت نہیں کی اور نہ کریں گے ان شاءاللہ و تعالیٰ، تو آپ سے گزارش ہے کہ اس کمیشن کی جتنی بھی کارکردگی ہے So called investigation وہ اس اسمبلی کی، اس کی اپوائنٹمنٹس، جو سول سرونٹس کو بے عزت کر رہے ہیں، جو پروفیسرز کو بے عزت کر رہے ہیں، جو Politicians کو بے عزت کر رہے ہیں جو کہ پختونخوا کے باعزت لوگوں کو بے عزت کر رہے ہیں، مہربانی کر کے ایسے کمیشن کی آپ حمایت نہ کریں اور نہ کوئی ممبر کرے گا ان شاءاللہ و تعالیٰ۔ آخری بات مشتاق غنی صاحب کل ٹوپی کی بات کر رہے تھے تو مشتاق غنی صاحب! پاکستان تحریک انصاف کی ٹوپی نہ آپ کی ہے، نہ کسی اور کی ہے، یہ ان ورکروں کی ہے جن کی وجہ سے تحریک انصاف بنی ہے، اگر ورکرز مجھے ملنے آتے ہیں تو میں ضرور اس کی ٹوپی بھی پہنوں گا اور اس کا جھنڈا بھی اٹھاؤں گا۔

جناب سپیکر: شاہ فرمان!

(تالیاں)

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: شکریہ جناب سپیکر۔ یہ آج معزز رکن ضیاءاللہ صاحب نے ایک Important point کے اوپر بات کی ہے اور ہاؤس سے بھی یہ ریکویسٹ کروں گا کہ جس طرح ضیاءاللہ صاحب نے بات کی، ہاؤس کے سامنے رکھی، وہ Response بھی اسی طرح سن لیں کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ اگر ہاؤس کا ایک ممبر اپنے آپ کو Humiliated سمجھتا ہے تو یہ پورے ہاؤس کا استحقاق مجروح ہوتا ہے اور یہ ایک پراسیس ایک کمیشن کی بات ہے اور یہ ایک Individual واقعہ نہیں ہے، یہ ایک دو ممبران کی لڑائی نہیں ہے، ایک پراسیس ہے، ایک باڈی بنی، اس باڈی کے نتیجے میں جو کچھ ہوا، آج اس کے اوپر ڈیبیٹ شروع ہو گئی تو میری یہ خواہش ہے کہ بجائے اس کے کہ ہم ویسے ہی چیزوں کو، چاہیئے کہ اس کے Solution کے اوپر جائیں کہ واقعی مسئلہ ہے، اگر ہے تو اس ہاؤس نے اس کو حل کرنا ہے، اختیار اس ہاؤس کے پاس ہے اور

جو جو پوائنٹس ضیاءاللہ صاحب نے اٹھائے ہیں، میں چاہوں گا کہ اس کے اوپر بات کروں، بات یہ ہے کہ یہ گلہ ضیاءاللہ صاحب کا یہاں تک تو درست ہے کہ پچھلی حکومتوں میں ٹرانسپیر نسی انٹر نیشنل کی رپورٹس ان کے سامنے ہیں، مختلف اداروں کی رپورٹس سامنے ہیں اور نیب کی کارروائی بھی سامنے ہے، نیب جس کا چیئرمین پرائم منسٹر اور لیڈر آف دی اپوزیشن اپوائنٹ کرتا ہے اور صوبائی حکومت کا اس کے اندر کوئی کام نہیں، بہت سارے لوگوں سے نیب نے پلی بارگین کی، Arrest کیا، ہمیں بھی یہ گلہ احتساب کمیشن سے ہے کہ اگر نیب کو اس صوبے کے اندر کرپشن نظر آتی ہے تو احتساب کمیشن کو کرپشن کیوں نظر نہیں آتی؟ بالکل یہ گلہ ہمیں بھی ہے اور اس کا ثبوت نیب ہے، اس کی پلی بارگینز ہیں، اس کے Voluntarily terms ہیں، یہ چیزیں ہمیں بھی ہیں۔ بالکل اس ہاؤس کے اندر اس باڈی کے اوپر بالکل ڈیبیٹ ہونی چاہیئے اور وہ بات سامنے لانی چاہیئے (تالیاں) کہ اگر کہیں قانون کے اندر کوئی سقم ہے، اگر اس کی Independence پہ کوئی بات ہے، اگر یہ Partial ادارہ ہے تو بالکل اس کی Rectification ہونی چاہیئے اور میں ضیاءاللہ صاحب سے یہ ریکویسٹ کروں گا کہ وہ بالکل In writing one, two, three کیونکہ وہ ایک پراسیس سے گزرے ہیں، In writing one, two, three, four, five لکھ کر دے دیں کہ یہ میری Reservations ہیں اور اس کے اوپر بات ہو اور ہم احتساب کمیشن سے پوچھ لیں کہ آپ کے پاس اس کا کیا جواب ہے؟ ایک، بالکل میں یہ شیئر کرتا ہوں یہ بات، بابک صاحب نے بات اٹھائی، ضیاءاللہ صاحب نے بات اٹھائی کہ ایک ہی منسٹر اور پی ٹی آئی کا منسٹر کیوں؟ یہ میرا بھی سوال ہے لیکن جو میرے Apprehensions ہیں، وہ کچھ اور ہیں، تکلیف سے گزرے ضیاءاللہ صاحب، ان کی بات اپنی جگہ، ان کا دکھ اپنی جگہ لیکن بحیثیت ایک گورنمنٹ کے میرے تحفظات کچھ اور ہیں۔ جن جن افسران کے نام لئے گئے، میں ضیاءاللہ صاحب کے ساتھ، اس کا جو Concern ہے، وہ شیئر کرتا ہوں لیکن ایک ڈی جی Resign کرتا ہے اور وہ اسلئے Resign کرتا ہے کہ وہ الزام لگاتا ہے کہ کمشنرز Interferences کر رہے ہیں، وہ ڈی جی جس نے پاکستان تحریک انصاف کی حکومت پر الزام لگایا اور Resign کیا، یہ سارے افسران اس کے Appointed ہیں، یہ بھی ہم پوچھتے ہیں کہ کونسا طریقہ اپنایا گیا تھا؟ کیوں ایسے بندے کو اپوائنٹ کیا گیا اور پھر وہی ڈی جی اس کے اوپر اگر Annual Confidential Report میں لکھتا ہے جو ضیاءاللہ

نے Quote کیا، تو اگر وہی ڈی جی اس کے اوپر لکھتا ہے کہ یہ آفیسر Incompetent ہے تو میں پوچھتا ہوں کس نے بھرتی کیا تھا؟ کس نے اسے کہا تھا اور اگر وہ گورنمنٹ کے اوپر الزام لگاتا ہے اور Resign کرتا ہے تو میں آج اس فلور پہ اس ڈی جی صاحب سے پوچھتا ہوں کہ وہ بتائیں کہ کس نے اسے کہا تھا کہ فلاں آفیسر کو رکھو اور فلاں کو نہ رکھو، کھل کر وہ بتائیں اور اگر اس نے خود رکھے تھے تو اس کی ذمہ داری قبول کر لیتے۔ (تالیاں) اگر کسی آفیسر کی Recommendation کسی منسٹر نے کی، کسی گورنمنٹ کے بندے نے کی تو کھلم کھلا بتائیں، اگر ڈی جی صاحب میڈیا کے اوپر آ کر کہتے ہیں کہ Interference ہے تو یہ بھی بتائیں کہ جی مجھے یہ کہا گیا تھا اور اگر پروسیجر کے Appointed لوگوں کا یہ حال ہے کہ آنریبل ممبرز Humiliate ہو جاتے ہیں اور پھر اس ہاؤس کا یہ ماحول بن جاتا ہے تو اس کا ذمہ دار کون ہے؟ ایک ایک آفیسر اس ڈی جی کا Appointed بندہ ہے جس نے پاکستان تحریک انصاف کے اوپر الزام لگا کے Resign کیا، اس کے بعد Legislation, rules of business finalized نہیں، ایک بندہ نیا اپوائنٹ نہیں ہو سکتا، ایک بندہ آپ نہیں نکال سکتے اور میری اس ہاؤس سے یہ ریکویسٹ ہے کہ بالکل پروسیجر میں اگر کوئی مسئلہ ہے تو اس کو ٹرانسپیرنٹ بنایا جائے، ڈی جی کا بھی بنایا جائے، پی جی کا بھی بنایا جائے، Investigating Officers کا بھی بنایا جائے تاکہ اس ہاؤس کو اطمینان ہو کہ اگر آئندہ کوئی بندے آئیں گے تو وہ Neutral ہوں، وہ میرٹ کے اوپر ہوں اور اگر سرچ اینڈ سکروٹنی کمیٹی کے اوپر پریشر ہے تو وہ بتا دے۔ ادارے بنتے ہیں، شخصیات Important نہیں ہیں لیکن یہ Concern، یہ Concern ہمارا بھی ہے کہ آفیسرز اپوائنٹ کئے جاتے ہیں جن کے خلاف یہ Complaints ہیں کہ جو ضیاءاللہ صاحب نے بات کی، اپوائنٹ وہ بندہ کرتا ہے جو پاکستان تحریک انصاف اور الائنس کی حکومت کے اوپر الزام لگا کر Resign کرتا ہے، کیا کیا جائے؟ یہ بھی نہیں بتا سکتا کہ مجھے فلاں نے کہا تھا کہ یہ اپوائنٹ کرو، کیا کیا جائے، کس کے سامنے گلہ کیا جائے؟ لیکن ہاں ہمیں یہ دکھ ہے کہ اس کرپشن کی دلدل میں پھنسے ہوئے یہ عوام اور احتساب کا عمل جو پاکستان تحریک انصاف کا منشور ہے، ہمیں بحیثیت مجموعی احتساب کمیشن سے یہ سوال ہے کہ اگر نیب جو کہ فیڈرل گورنمنٹ کا ادارہ ہے اور پراونشل گورنمنٹ کا کچھ نہیں ہے، ان کی پرفارمنس دیکھو اس صوبے میں، کس کو وہ پکڑتے ہیں، کس سے پیسے وصول کرتے ہیں، کس کو جیل میں ڈالتے ہیں،

کس سے پلی بارگین کرتے ہیں؟ ان کی پرفارمنس دیکھو تو اگر ادارے کی پرفارمنس کے اوپر سوال ہے تو جناب سپیکر! بالکل اس ہاؤس کے پاس اختیار ہے، اس کے اندر جتنا بھی آپ پروسیجر ٹرانسپیرنٹ کرانا چاہتے ہو حکومت تیار ہے۔ میں ضیاءاللہ صاحب سے بھی اور اپوزیشن سے بھی یہ ریکویسٹ کرتا ہوں کہ وہ ون، ٹو، تھری میں لکھ کر بتا دیں کہ یہ یہ ہماری Reservations ہیں، اس کے اوپر ڈیبیٹ ہو، اس کے اندر امنڈ منٹس ہوں، کسی کی تذلیل نہیں ہونی چاہیئے نہ ہو گی۔ میں اس پہ بات اسلئے ختم کرنا چاہوں گا کہ آگے ہم نے اس کی بڑی سکروٹنی کرنی ہے، اس کو وائنڈ اپ کرنا چاہوں گا کہ ایک ڈی جی احتساب کمیشن Resign کرتا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف اور الائنس کی حکومت Interference کرتے ہیں، کمشنرز Interference کرتے ہیں اور پھر ایک منسٹر پکڑا جاتا ہے جو کہ پاکستان تحریک انصاف کا ہے اور ان کا گلہ شکوہ ان سارے آفیسر ز سے ہے جو کہ اس ڈی جی کے Appointed ہیں اور پھر وہی ڈی جی اپنے آفیسر ز کے اوپر لکھتا ہے کہ یہ شاید جو بھی لکھا ہے، ضیاء اللہ صاحب نے Mention کیا ہے کہ یہ Incompetent ہیں یا ان کی پرفارمنس ٹھیک نہیں ہے تو میں پوچھتا ہوں، کس کے سامنے بندہ روئے؟ فیصلے تو حکومت کے نہیں ہیں، فیصلے تو اس ڈی جی کے ہیں جس نے الزام لگا کر Resign کیا، میں اس نتیجے پر پہنچا ہوں جناب سپیکر! کہ As a Political Party and Government یہ ہمیں ضرور شکوہ ہے احتساب کمیشن سے کہ آپ نیب کی پرفارمنس اور اپنی پرفارمنس Compare کریں، آپ پلڈاٹ، ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل اور سارے اداروں کی رپورٹ پڑھ لیں، کیا اس صوبے میں ایک یا دو یا تین بندے انہوں نے کرپشن کی ہے؟ چلو نیب کو کم از کم Follow کریں، میں اس کو ختم کرنے سے پہلے جناب سپیکر! ہاؤس سے یہ ریکویسٹ کرتا ہوں کہ This is the right time، ڈی جی ابھی Appointed نہیں ہیں، This is the right time، اس کے اندر سامنے وہ پوائنٹس لائے جائیں تا کہ شفاف احتساب بھی ہو، کوئی Victimization بھی نہ ہو، ادارے کی پرفارمنس بھی اچھی ہو اور سب کا اس ادارے کے اوپر ٹرسٹ بھی ہو جناب سپیکر۔ شکریہ۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ جی۔ اچھا میں ایک، آپ ایک منٹ مجھے۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: دیکھیں، میں اس پہ ضیاء اللہ نے جو تقریر کی ہے، میں اس میں ایک پوزیشن واضح کرنا چاہ رہا ہوں۔ (سیکرٹری اسمبلی سے) سیکرٹری صاحب! ایک تو یہ ہے کہ آپ مجھے ایک فائل Put up کر لیں کہ قانون میں جو پروسیجر ہے، وہ کہاں Lapse آیا ہے اور کہاں ہمیں، ہم سے نہیں پوچھا گیا، اگر ہم سے نہیں پوچھا گیا۔۔۔۔

(شور اور قطع کلامیاں)

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سپیکر صاحب! یہ۔۔۔۔

جناب منور خان ایڈووکیٹ: جناب سپیکر!۔۔۔۔

جناب سپیکر: یار! آپ مجھے بات کرنے دیں، میں بھی بات، آپ بیٹھ جائیں، پلیز، آپ مجھے بات تو کرنے دیں نا، میں رولنگ دیتا ہوں، آپ تھوڑی دیر مجھے، (مداخلت) نلوٹھا صاحب! میں رولنگ دیتا ہوں، آپ پلیز مجھے تھوڑا، میں اس کے حوالے سے یہ کہتا ہوں کہ آپ مجھے اس کی پوری رپورٹ دیں کہ کہاں قانون اور جو اس کے رولز ریگولیشنز میں Violation ہوئی ہے تاکہ میں اس کے اوپر پورا ایکشن لوں۔

(شور)

جناب سپیکر: میں نے اس پر ابھی رولنگ دی ہے کہ جہاں بھی Irregularities ہوئی ہیں، میں اس کے اوپر ایکشن لوں گا ان شاء اللہ۔

(شور)

سردار اورنگزیب نلوٹھا: ہم اس پر بات کرنا چاہتے ہیں، یہ صرف وہ نہیں ہے۔

جناب سپیکر: اوکے، آپ مجھے اس کے اوپر Proper تحریک التواء لیکر آئیں تاکہ اس پہ پوری ڈیبیٹ کر لیں، ٹھیک ہے جی۔ میڈم! آپ، اس پہ نلوٹھا صاحب بالکل پورا ڈیبیٹ کر لیں گے، آپ پلیز تحریک التواء لیکر آئیں، میں اس پہ پوری ڈیبیٹ کا آپ کو موقع دیتا ہوں۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: ٹھیک ہے اس پہ پوری ڈیبیٹ کرتے ہیں۔

Item No, Madam! Clause No 7 of the Bill, Clause No 7 of the Bill.

مسودہ قانون کا زیر غور لایا جانا

(خیبر پختونخوا مائنز اینڈ منرلز ڈویلپمنٹ اینڈ ریگولیشن مجریہ 2016)

Minister for Mineral Development: Thank you, Mr. Speaker! In Clause 7,-

(i) sub-clause (1) for clause (a), the following-----

(Interruption)

جناب محمد شیراز: سپیکر صاحب! ابھی وہ-----

Mr. Speaker: The motion before the House is that the amendment, moved by the honourable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The amendment is adopted and stands part of the Bill.

Minister for Mineral Development: Thank you, Sir.

(Interruption)

جناب سپیکر: اس کے بعد ہم نے پوری ڈیبیٹ کرنی ہے دوسرے ایشوز پہ، Kindly اس کا ٹائم ہے----

جناب محمد شیراز: جناب سپیکر! یہ تو ضروری ایشو ہے اس پہ بات-----

جناب سپیکر: یار! آپ اس طرح کریں، شیراز صاحب! آپ اس طرح کریں کہ آپ نلوٹھا صاحب کی سیٹ پہ آجائیں اور وہ آپ کی سیٹ پہ چلا جائے گا، یہاں سے مطلب وہ ہمیں، میں اس کے ساتھ ڈائریکٹ ہوں جو بھی طریقہ ہے، اس کے مطابق چلیں گے جی۔

(شور)

جناب محمد شیراز: سپیکر صاحب! آپ ہمیں موقع تو دیں۔

جناب سپیکر: میں آپ کو موقع دیتا ہوں اس کے بعد، جیسے یہ ہوتا ہے، میں آپ کو موقع دیتا ہوں۔ جی میڈم! کلاز 8۔

Minister for Mineral Development: In Clause 8,-

(i) For sub-clause (1), the following shall be substituted, namely:

"(1) The committee shall hold at least one meeting-----

(مغرب کی اذان)

جناب سپیکر: جی میڈم!

Minister for Mineral Development: In Clause 8,-

(i) For sub-clause (1), the following shall be substituted, namely:

"(1) The Committee shall hold at least one meeting every month to perform functions given in clause (a) of sub-section (1) of section 7 of this Act, to approve the schedule for inviting applications through publication via website/ print media for Mineral Titles and to evaluate mineral enforcement activities,"

(ii) sub-clause (2) may be deleted and the sub-clauses numbered "(3)" and "(4)" in the subsequent clauses shall be renumbered as "(2)" and "(3)" respectively.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the amendment, moved by the honourable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The amendment is adopted and stands part of the Bill. Clause 9.

Minister for Mineral Development: In Clause 9,

in Clause 9,-

(i) in sub-clause (1), in serial No. (d), the words "for a period of thirty years", shall be deleted;

(ii) in sub-clause (2), in serial No. (b), the words "for a period of thirty years", shall be deleted.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the amendment, moved by the honourable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clause 9A.

Minister for Mineral Development: After Clause 9, the following new Clause shall be added namely:

"(9A) Notwithstanding, anything contained in this Act, the Committee with the approval of the Authority, in unavoidable circumstances, may grant license and mining lease for any such period, for any area, under any terms and conditions, to such public and private organization or persons and subject to such provisions of this Act, as deemed appropriate in public interest".

Mr. Speaker: The motion before the House is that the amendment, moved by the honourable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. 10, Clause 10.

Minister for Mineral Development: In Clause 10,-

(i) in sub-clause (1), after the word "carrying out", the word "of" shall be inserted; and
(ii) for the word "Government", the word "Department" shall be substituted.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the amendment, moved by the honourable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clause 11: Since no amendment has been proposed by any honourable Member in Clause 11 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clause 11 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clause stands part of the Bill. Amendment in sub-clause (d) of Clause 12.

Minister for Mineral Development: In Clause 12, in sub-clause (d), after the word "exploration area", a comma shall be inserted.

جناب سپیکر: آپ نے اتنی چھوٹی چھوٹی چیزوں کو ہمیں اتنی لمبی۔۔۔۔

وزیر برائے ترقی معدنیات: سر! اس Comma سے بڑے بڑے مطلب جو ہیں نا وہ بعد میں ہوتے ہیں۔

We need to make this law a coherent law.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the amendment, moved by the honourable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clause 13.

Minister for Mineral Development: In Clause 13,-

(i) the bracket and figure "(1)" shall be deleted; and
(ii) in clause (a), after the words "retention area", a comma shall be inserted.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the amendment, moved by the honourable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clause 14.

Minister for Mineral Development: In Clause-14,-

(i) in clause (d), after the words "prospecting area", a Comma shall be inserted;
in sub-clause (f),-

اس میں بھی سر! انہوں نے Typing mistake کی ہے اور Repetition کی ہے، (a) It is

(ii) in sub-clause (f),-

(a) before the word "lease", the word "mineral" shall be inserted;

پھر نیچے ہے:

(c) the full stop appearing at the end of clause (iv) shall be replaced by a colon and thereafter, the following proviso shall be added, namely:

"Provided that in case of failure to apply by the deadline of three months before the actual date of expiry, a fine at the rate of rupees five thousand per day shall be imposed on the applicant that shall compulsorily be paid as arrears at the time of submission of application."

اس میں اوپر جو Repetition ہے جس میں (b)، یہ سارا Deleted ہے سر! یہ غلط ہوا ہے، Repeated.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the amendment, moved by the honourable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clause 16.

ہاں Full stop ادھر کرنا، Comma ادھر کرنا ہے۔

Minister for Mineral Development: Clause 14 Sir! In Clause 14 three, three sub-clause.

(iii) After clause (f), the following new clause shall be added, namely:

"(e) In case the holder of the prospecting license fails to apply for a mineral lease till the expiry date of the prospecting license-----

جناب سپیکر: میڈم! آپ اس طرح کریں کہ سب ایک جگہ بولیں، میں آپ سب سے پوچھوں گا، کہیں Full stop کرنا ہے، کس جگہ Comma کرنا ہے؟

